30/05/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*.......وزیر اعظم نریند رمودی نے بہار میں48 ہزار520 کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کو کیا قوم کے نام وقف ۔

*.......وزیر داخلہ امت شاہ نے پونچھ کا دورہ کرکے وہاں سرحد پا رکی شیلنگ کے متاثرین میں کی مالی امداد اور تعیناتی کے آڈر تقسیم//اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی سلامتی صورتحال کا لیا جائزہ۔

*.......وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت جموں کشمیر میں بیداری سرگرمیوں کا انعقاد جاری //فصلوں کے معیار اور مقدار میں بہتری لانے پر زور۔

اور

*.......سرینگر سے عازمین حج کی روانگی کا سلسلہ کل ہو رہا ہے مکمل۔

وزیرا عظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت دہشت پسندی کا مقابلہ کرنے کیلئے پر عزم ہے اور اس بدعت کا مقابلہ کرنے میں بھارت کبھی نہیں رکے گا ۔کراکٹ بہار میں آج 48ہزار520 کروڑ روپے لاگت والے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خطرات چاہئے سرحدوں کے اُس پار سے آئیں یا اندرون ملک ابھریں ، ملک انہیں سختی کے ساتھ دبائے گا ۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ ساتھ پوری دنیا نے آپریشن سندور کے دوران بھارت کے عزم اور بہادری کا مشاہدہ کیا ۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ مرکزی سرکار بہار کی مجموعی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

کانپورPM

دریں اثناءوزیر اعظم نے کانپور اُتر پردیش میں 47ہزار 573 کروڑ روپے لاگت والے15بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کو بھی قوم کے نام وقف کیا۔ انہوں نے وہاں ایک تقریب سے بھی خطاب کیا اور آپریشن سندور کے دوران بھارت کی کامیابی کو اُجاگر کیا۔

وفود دورہ

آپریشن سندور کی کامیابی کے بارے میں بھارت کا موقف اور نقطہ

---

نظرعالمی لیڈروں کے سامنے پیش کرنے کےلئے قومی سطح کے کثیر جماعتی پارلیمانی وفود ٔ کے مختلف بیرون ممالک کے دوروں کا سلسلہ جا ری ہے۔ اس ضمن میں ایک وفد نے27مئی سے 29 مئی تک سعودی عرب کا دورہ کرکے پہلگام حملے کے بعدبھارت کی کارروائی اور دہشت پسندی کا مقابلہ کرنے کیلئے کئے گئے اقدامات سے وہاں کی قیادت کو روشناس کرایا۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج پونچھ قصبے کا دورہ کرکے وہاں آپریشن سندور کے دوران پاکستان کی شیلنگ سے جائیداد کو ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور حفاظتی عملے و انتظامیہ کے اعلیٰ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ بعد میں انہوں نے شیلنگ سے متاثرہ کنبوں کے ساتھ ملاقات کی اور ان میں مالی معاونت اور تعیناتی کے لیٹر تقسیم کئے ۔اس موقعے پر امت شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا۔....Amit Shah....

اس سے پہلے وزیر داخلہ نے کل شام جموں پہنچنے پر ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی مجموعی صورتحال کے ساتھ ساتھ آنے والی شری امر ناتھ جی یاترا سے جڑے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ حکومت یاتر اکے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر ے گی۔ میٹنگ میں ایل جی منوج سنہا ، فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی ، مرکزی داخلہ سیکریٹری گووند موہن ، جموں کشمیر کے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، نیم فوجی دستوں پولیس اور سراغ رساں ایجنسیوں کے سربراہ بھی موجود تھے۔

بی جے پی

بی جے پی جمونو کشمیر کے ترجمان ڈاکٹر طاہر چودھری نے وزیرداخلہ امت شاہ کے جمونو کشمیر کے دورے کی ستائش کر تے ہوئے کہا ہے کہ اس سے ظاہر ہو تا ہے کہ مرکزی سرکار جمونو کشمیر کی بہبودی کےلئے سنجیدہ ہے۔ ایک بیان میں انہوننے کہا کہ وزیرداخلہ کے

دورے سے یہ بات بھی واضح ہوجا تی ہے کہ ضرورت کی اس گھڑی میں مرکزی سرکار لوگوں کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑی ہے۔

راجناتھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور محض ایک فوجی کارروائی نہیں ہے بلکہ یہ دہشت پسندی کے خلاف بھارت کا موثر رد عمل ہے اور اگر پاکستان پھر سے کوئی کارروائی کرتا ہے تو اُسے اب کی بار بھارتی بحریہ کی طاقت کا بھی سامنا کرنا پڑے گا۔ آج گوا کے ساحلی علاقے میں بھارت کے پہلے ملکی ائر کرافٹ کیرئیر INSوکرانت پر افسروں اور اندرون ملک Sailors سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کو یہ بات سمجھ لینی چاہئے کہ دہشت پسندی کا کھیل اب ختم ہو چکا ہے ۔ وزیر دفاع نے فضائیہ کے ساتھ ساتھ بحری فوج کے کام کی بھی ستائش کی ۔

پرم ویر چکر

آپریشن سندور کی کامیابی پر قوم، ہتھیار بند فوج کو خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ آکاشوانی نیوز نے بھی بہادر فوجی جوانوں کو خراج پیش کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

آج ہم پرم ویرچکر ایوارڈ یافتہ کیپٹن گُربچن سنگھ سلاریہ کو یاد کررہے ہیں۔پیش ہے آکاشوانی دلی کے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

کرشی سنکلپ

ملک میں15روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان ان دنوں شد و مد سے جاری ہے ۔ اس مہم کے دوران کسانوں میں کاشت کاری کے جدید طور طریقوںاور اعلیٰ پید ا وار دینے والے بیجوں کے فوائد سے متعلق بیداری پیدا کی جا رہی ہے ۔

جموں کشمیر میں زرعی یونیوسٹیوں اور متعلقہ محکموں کی طرف سے تمام ضلعوں میں کسانوں میں بیداری پیدا کرنے کیلئے اختراعی سرگرمیاں انجام دی جا رہی ہیں۔ مہم کے بارے میں محکمہ زراعت کشمیر کے جوائنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچر ایکسٹینشن انیل گپتا نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

سنکلپ جموں

اُدھر زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے آج جموں ضلعے کے آ ر ایس پورہ تحصیل میں وکست سنکلپ ابھیان کا آغاز کیا۔ اس موقعے پر تقریب سے خطاب کر تے ہوئے وزیرموصوف نے کسانوں اور زرعی ماہرین پر زور دیا کہ وہ اس مہم سے فائدہ اٹھا کر زرعی پیدا وار میں اضافہ کریں۔ انہوننے کہا کہ جدیدتحقیق کو کسانوں تک پہنچانے کےلئے اقدامات کئے جانے چاہئیں۔ اس موقعے پر خطاب کر تے ہوئے سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کہا کہ قومی سطح کی اس مہم کا مقصد کسانوں ،نوجوانوں اور سماج کے پچھڑے طبقے کے لوگوں کو بااختیار بنانا ہے۔ تقریب سے ممبر پارلیمنٹ جگل کشور شرما اور سکاسٹ جموں کے وائس چانسلر پروفیسر بی این ترپپاٹھی کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

حج

سرینگر سے سفر محمود پر عازمین حج کی روانگی کا سلسلہ کل مکمل ہورہا ہے ۔ کل بھی دو پروازوں کے ذریعے عازمین حج بیت اللہ پر روانہ ہو رہے ہیں ۔ کل کے شیڈول کے بارے میں جموں کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

سکھ

آج سکھ مذہب کے پانچویں گرو، گرو ارجن دیو جی مہاراج کا 419واں شہیدی دِوس منایا گیا۔ اس سلسلے میں جمونو کشمیر کے گردواروں میں خصوصی پرارتھنا سبھاؤں کا اہتمام کیا گیا جن میں سکھ سنگت کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ وادی میں سب سے بڑی تقریب گردوارہ شہید بھنگا برزلہ میں منعقد ہوئی جہاں آج دن بھر شبد کیر تن کا اہتما م ہوا۔

----V/O---

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے گروارجن دیوجی کے شہیدی دِوس پر انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

## ہندی صحافت

آج ہندی صحافت کاقومی دن ہے۔ یہ دن ہر برس 1986 سے منایاجاتا ہے اور آج ہی کے دن پنڈت جگل کشور شُکھلا نے ملک کا پہلا ہندی اخبار Udant Martand شروع کیاتھا۔ اس دن کی اہمیت کے بارے مینجموں میں مقیم ہندی کے ایک سینئر صحافی سنجیو دوبے نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

## نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن میں گورنمنٹ ہائر سکنڈری اسکول پلوامہ میں فزیکل ایجوکیشن کے سینئر لیکچر ار سیدجاوید اقبال نے کہا ۔

## پولیس

پولیس نے منشیات کے خلاف کاروائی کو جا ری رکھتے ہوئے آج کھڈونی بائی پاس سے گُری بجبہاڑہ کے آکاش منظور نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔ اُس کے قبضے سے نشیلی اشیا اور نقدی برآمد کی گئی ہے۔

## امتحان

جو 15جون کو منعقد ہونے والا ہے دو NEET-PG-2025 سپریم کورٹ نے ہدایت دی ہے کہ شفٹوں کے بجائے ایک ہی شفٹ مینمنعقد کیا جانا چاہئے ۔ جسٹس وکرم ناتھ کی سربراہی والے بینچ نے حکام کو ایک شفٹ میں امتحان منعقد کرانے کی ہدایت دی ہے تاکہ پورے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایاجا سکے ۔

## NC

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری شیخ مصطفی کمال نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ پہلگام حملے کے بعد وادی میں سیاحتی شعبہ ٹھپ ہوکررہ گیا ہے اور تجارتی سرگرمیاں بھی مندی کی شکار ہو گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سرکار لوگوں کی راحت رسانی کےلئے ہر ممکن کوششیں کر رہی ہیں۔

رسم رونمائی

ساگر کلچرل فورم ڑُکر پٹن کی طرف سے آج ہائر سکنڈری سکول گارڈ کھڈ سوناواری میں منعقدہ ایک ادبی تقریب کے دوران صابر شبیر کے شعری مجموعے غم حیات کی رسم رونمائی انجام دی گئی ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات ہلکی سے درمیانہ درج کی بارش یا چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 22اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12اعشاریہ3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36اعشاریہ8ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت20اعشاریہ7ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر21 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر37منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

........................................................

.................................

.................

......